**فوری ریلیز کے لیے:** 25/5/2023 ***KATHY HOCHUL گورنر***

***گورنر HOCHUL نے غیر قانونی دوا زائلازین کے بڑھتے ہوئے پھیلاؤ اور اسکا مقررہ ڈوز سے زیادہ استعمال روکنے کے لئے نئے اقدامات کا اعلان کر دیا***

***زائلازین کے ٹیسٹ کی سٹرپس پوری ریاست نیو یارک میں مفت دستیاب ہیں***

***نیو یارک کا نشہ آوری سے متعلق خدمات اور معاونتوں کا دفتر اور سپورٹ ویب پیج زائلازین اور اس کے مقررہ ڈوز سے زیادہ استعمال کا تدارک کرنے والے اقدامات سے عوام کو آگاہی فراہم کرتا ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست نیو یارک میں غیر قانونی دوا زائلازین کے تیزی سے بڑھتے پھیلاؤ اور اسکا مقررہ ڈوز سے زیادہ استعمال روکنے کے لئے نئے اقدامات کا اعلان کیا، جس میں نشہ آوری سے متعلق خدمات اور معاونتوں کے دفتر اور ذہنی صحت کے دفتر جیسے پروگراموں کے ذریعے زائلازین کے ٹیسٹ کی سٹرپس پوری ریاست نیو یارک میں مفت دستیاب کرنا اور ساتھ ہی انہیں عوام تک براہ راست پہنچانا جیسے اقدامات شامل ہیں۔ زائلازین ایک غیر اوپیوئیڈ سکون آور دوا ہے جو ممکنہ طور پر مضر صحت اثرات کے ساتھ غیر ریگولیٹڈ ادوایات کی فراہمی میں پایا جاتا ہے، خاص طور پر جب اسے غیر قانونی طور پر تیار کردہ فینٹانل میں شامل کیا جائے۔ زائلازین نامی دوا نالوکسون پر ردعمل نہیں دیتی، جس کی وجہ سے فینٹانل کی پیچیدگیوں والے اوور ڈوزز کی صورتحال پیدا ہو جاتی ہے۔ زائلازین کے متعلق اضافی تعلیمی معلومات اب ریاست نیو یارک کے نشہ آوری سے متعلق خدمات اور معاونتوں کے دفتر کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

"زائلازین ایک خطرناک دوا ہے جو صحت کی سنگین پیچیدگیوں کا سبب بن سکتی ہے جس میں اوور ڈوز سے ہونے والی اموات بھی شامل ہیں، اور ریاست نیو یارک نے اس بڑھتے ہوئے خطرے سے نمٹنے کے لئے اپنے جارحانہ اقدامات جاری رکھے ہوئے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ان نئی کوششوں سے زندگیاں بچیں گی اور اس بحران کے جاری اثرات کا سامنا کرنے والی کمیونٹیز کو وہ وسائل ملیں گے جن کی انہیں شدید ضرورت ہے۔"

اس نئے آرڈرنگ سسٹم میں فراہم کنندگان اور ریاست نیو یارک کے رہائشی NY MATTERS کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے ٹیسٹ سٹرپس کا آرڈر دے سکیں گے اور یقینی بنائیں گے کہ ریاست نیو یارک میں ضرر کم کرنے کے اس اہم ٹول کی فراہمی مسلسل اور بلا تعطل جاری رہے۔ یہ ٹیسٹ سٹرپس اس زائلازین کی موجودگی کا پتہ لگانے کے لئے ڈیزائن کی گئی ہیں جسے دیگر مادوں کے ساتھ ملایا گیا ہو، مثلاً کوکین یا ہیروئن۔

ریاست نیو یارک کا نشہ آوری سے متعلق خدمات اور معاونتوں کا دفتر ( Office of Addiction Services and Supports, OASAS) پوری ریاست میں آؤٹ ریچ اینڈ انگیجمنٹ سروسز فراہم کرنے والوں کے اپنے نیٹ ورک اور اپنے جاری تربیتی پروگراموں کے ذریعے بھی زائلازین کی ٹیسٹ سٹرپس دستیاب کروا رہا ہے۔ ان کوششوں کو نیو یارک اسٹیٹ کے Opioid Settlement Fund اور وفاقی State Opioid Response Grant کے ذریعے مدد و معاونت فراہم کی جا رہی ہے۔ آرڈر دینے سے متعلق معلومات تک رسائی حاصل کرنے کے لئے فراہم کنندگان OASAS ضرر میں کمی لانے والے ویب پیج کا دورہ کر سکتے ہیں۔

زائلازین ایک ڈپریسینٹ ہے جو عام طور پر جانوروں والی سیٹنگز میں استعمال کی جاتی ہے اور یہ نہ انسانی استعمال کے لئے ہے نہ ایسے استعمال کے لئے منظور شدہ ہے۔ اگرچہ زائلازین کو اکثر فینٹانل کے ساتھ ملایا جاتا ہے لیکن یہ کوئی اوپیوئڈ نہیں ہے، لہذا یہ نالوکسون پر رد عمل نہیں دیتی ہے۔ تاہم، باقی اوپیوئڈز کی طرح ملک بھر میں اور خاص طور سے شمال مشرق خطے میں غیر ریگولیٹڈ ادویات کی سپلائی میں اس کی موجودگی کا سراغ ملنے والے واقعات میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ مزید برآں، اسے وفاقی حکومت کی جانب سے بطور ابھرتے ہوئے خطرے کے نامزد کیا گیا ہے۔ زائلازین سے فینٹانل کے اوور ڈوز کی پیچیدگیاں مزید پیچیدہ ہو سکتی ہیں، یا اس سے طویل وقت تک نشے میں دھت پڑے رہنے یا بے ہوش رہنے جیسے امور واقع ہو سکتے ہیں؛ نیز یہ جلد کے زخموں کا سبب بھی بن سکتی ہے جنہیں، اگر انکی شدت حد سے زیادہ بڑھ جائے، تو کاٹنے کی ضرورت بھی پڑ سکتی ہے۔

**ریاست نیو یارک کے نشے کی لت سے نمٹنے کی خدمات اور معاونتوں کے دفتر کی کمشنر Dr. Chinazo Cunningham نے کہا،** "زائلازین کی موجودگی ہمارے لئے ایک مسلسل بڑھتی ہوئی تشویش ہے اور اس مسئلے کو حل کرنے کے لئے کارروائی کرنے کی سخت ضرورت ہے۔ ہم فراہم کنندگان اور نشے سے متاثر ہونے والے افراد کے ہاتھوں تک ضرر کو کم کرنے والے ایسے اہم ٹولز پہنچانے کے لئے کام کر رہے ہیں جن سے نیویارک کے شہریوں کو محفوظ رکھنے کی ہماری کوششوں کو تقویت ملے۔"

**ریاست نیویارک کے ذہنی صحت کے دفتر کی کمشنر Dr. Ann Sullivan نے کہا،** "زائلازین ایک انتہائی خطرناک دوا ہے جسے ملک بھر میں اوور ڈوز کے نتیجے میں ہونے والی اموات کی بڑھتی ہوئی تعداد سے جوڑا گیا ہے۔ زائلازین کی ٹیسٹ سٹرپس کی دستیابی میں اضافہ کرنے سے ہمیں زندگیاں بچانے میں مدد ملے گی، اور میں تمام OMH لائسنس یافتہ فراہم کنندگان پر زور دیتا ہوں کہ وہ OASAS اور NY Matters کی جانب سے پیش کی جانے والی اس سہولت سے فائدہ اٹھائیں۔"

**سینیٹ کے اکثریتی رہنما Charles Schumer نے کہا،** "زائلازین ایک خوفناک دوا ہے جس نے نیو یارک بھر کی برادریوں میں اوور ڈوز کے پھیلاؤ کو بدترین صورتحال تک پہنچا دیا ہے، اور یہی وجہ ہے کہ میں نے زائلازین کے متعلق الارم بجایا اور عوامی تحفظ اور صحت کے اس بحران سے نمٹنے کے لئے کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا۔ بائیڈن انتظامیہ نے اس کے جواب میں زائلازین کو ایک 'ابھرتا ہوا خطرہ' قرار دے دیا ہے۔ میں گورنر Hochul کا بھی شکرگزار ہوں کہ انہوں نے ریاست بھر میں زائلازین کی مفت ٹیسٹ سٹرپس فراہم کرکے اس کارروائی کو مزید مہمیز دی۔ میں زائلازین کے بڑھتے ہوئے خطرے کا مقابلہ کرنے کے لئے روک تھام، علاج اور بحالی کی خدمات تک رسائی کو بڑھانے کے لئے وفاقی اور ریاستی رہنماؤں دونوں کے ساتھ کام کرنا جاری رکھوں گا اور اس وقت تک لڑنا بند نہیں کروں گا جب تک قانون نافذ کرنے والے اداروں اور صحت عامہ کے اداروں کو اس نشہ آور چیز کے غیر قانونی بہاؤ کو روکنے اور ہماری کمیونٹیز کو محفوظ رکھنے کے لئے درکار وسائل پوری طرح دستیاب نہیں ہو جاتے۔"

OASAS نے فراہم کنندگان اور عوام الناس کو اس نشہ آور چیز کے پھیلاؤ کو پہچاننے اور اس کے تدارک کے لئے جوابی کاروائی کرنے کے بارے میں تعلیم دینے کا عمل جاری رکھا ہوا ہے۔ عوام کے لئے نئے معلوماتی صفحے کے علاوہ ایجنسی نے حال ہی میں زائلازین سے منسلک خطرات کے متعلق فراہم کنندگان کے لئے رہنمائی بھی جاری کی ہے اور ایک نئے تربیتی پروگرام کا اجراء بھی کیا ہے۔ زائلازین کی ٹیسٹ سٹرپس کا پروگرام اس سال کے اوائل میں فراہم کنندگان کے لئے فینٹانل ٹیسٹ سٹرپس اور نالوکسون حاصل کرنے کے لئے ایک نئے آرڈرنگ سسٹم کی تخلیق کے بعد شروع کیا گیا ہے، اور یہ پوری ریاست نیو یارک میں ضرر میں کمی کرنے والی سروسز کو وسعت دینے والی OASAS کی کوششوں کا ایک حصہ ہے۔

ریاست نیو یارک اوپیئڈ مینوفیکچررز اور دوا ساز کمپنیوں کے ساتھ تصفیے کے مختلف معاہدوں کے ذریعے $2 بلین سے زیادہ وصول کر رہی ہے جو اٹارنی جنرل Letitia James کی جانب سے مختص ہوئے تھے۔ ان تصفیوں سے حاصل ہونے والی فنڈنگ کا ایک حصہ براہِ راست بلدیات کو جائے گا، باقی رقم کو روک تھام، علاج، بحالی، نقصان میں کمی لانے اور افیون کی جاری وبا سے نمٹنے کے لیے وقف ایک فنڈ میں جمع کیا جائے گا۔

جس قانون سازی نے وقف شدہ فنڈ قائم کیا تھا، اسی نے اوپیئڈ سیٹلمنٹ فنڈ کا مشاورتی بورڈ بھی تشکیل دیا ہے، جس کو یہ تجاویز دینے کا کام سونپا گیا ہے کہ کس طرح تصفیے سے حاصل ہونے والے ڈالروں کو ضرورت مندوں کی بہترین خدمت کے لیے مختص کیا جائے۔ بورڈ کے اراکین نے 1 نومبر 2022 کو اپنی پہلی سفارشات جاری کی تھیں، جس میں نقصان کو کم کرنے اور علاج معالجے کی خدمات کی توسیع کو اوّلین ترجیح کے طور پر شناخت کیا گیا تھا۔

ریاست نیویارک نے اوور ڈوز کی وباء سے نمٹنے کے لیے ایک جارحانہ، کثیر الجہتی طریقہ کار کا اجراء کیا ہے اور مکمل روک تھام، علاج، بحالی اور نقصان کو کم سے کم کرنے والی خدمات کے ساتھ ساتھ نشے کی لت میں مبتلا افراد کی دیکھ بھال کے لئے پورے ملک کا سب سے بہترین نظام قائم کیا ہے۔ ریاست نے روایتی سروسز بشمول بحرانی صورتحال سے نمٹنے والی سروسز، شعبہ اندرونی مریضان، شعبہ بیرونی مریضان، اور رہائشگاہ میں علاج فراہم کرنے والے پروگراموں کے ساتھ ساتھ نشے کے علاج کے لیے ادویات اور موبائل علاج اور ٹرانسپورٹیشن جیسی خدمات تک رسائی کو بڑھانے کے لیے بھی کافی کام کیا ہے۔

گورنر Hochul ریاست نیویارک کی ہیروئن اور مسکن ادویات کی ٹاسک فورس کی رکن تھیں، جس نے سنہ 2016 میں، نئی، غیر روایتی خدمات کی سفارش کی تھی، بشمول بحالی مراکز، یوتھ کلب ہاؤسز، ہم جماعتوں کی توسیع شدہ خدمات، اور کھلے رسائی کے مراکز، جو فوری تشخیص اور نگہداشت کے ریفرل فراہم کرتے ہیں۔ اس کے بعد سے یہ خدمات ریاست بھر کے متعدد علاقوں میں قائم کی گئی ہیں اور اس سے ضرورت مند باشندوں کو ان کی رہائش کے قریب خدمات تک رسائی میں مدد ملی ہے۔

ریاست نیو یارک کا نشے کی لت میں معاونت اور خدمات کا دفتر ملک کے سب سے بڑے منشیات کے استعمال کے عارضے کی دیکھ بھال کے نظام میں سے ایک کی نگرانی کرتا ہے جس میں تقریباً 1,700 انسدادی، علاجی اور بازیابی کے پروگرام ہر سال 731,000 سے زیادہ افراد کو خدمات فراہم کرتے ہیں۔ اس میں 12 نشے کے علاج کے مراکز کا براہ راست آپریشن شامل ہے جہاں ہمارے ڈاکٹر، نرسیں، اور طبی عملہ ہر سال تقریباً 8,000 افراد کو داخلی اور رہائشی خدمات فراہم کرتے ہیں۔

###


اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418



ان سبسکرائب کریں